آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

آن لائن مرتب کردہ کُتب

1. وجودِ زن سے ہے تصویرِ کائنات میں رنگ
2. رمزِ دعا
3. چشمِ نم
4. شبِ ہجراں
5. تم کیوں اُداس ہو
6. سعد اللہ شاہ (منتخب غزلیں)
7. بارش نے کہا مجھ سے.
8. دعائے عقیدت
9. سُفنے مار گئے
10. ہم تمھیں نہیں بھولے
11. عزیز عادل (منتخب غزلیں)
12. چناروں سے اٹھتا دھواں
13. دعائے نیم شب
14. بکھرے پات
15. سلگتے حرف
16. چن چناں دے معاملے
17. نظم کہتے رہو
18. بنتِ حوا
19. اک عمر کی مسافت
20. صلی اللہ (نعتوں کا مجموعہ)
21. بکھرے ہیں خواب میں
22. محبت آگ جیسی ہے
23. دسمبر کہہ رہا ہے
24. شب ڈھلے
25. پلکوں کی راکھ
26. ہونٹوں پہ دکھ
27. پوروں کے خواب
28. سرسراتا دُکھ

مدیرہ: دعا علی

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

مجلسِ مشاورت

سالگرہ نمبر 5

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

فہرست

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

اداریہ "دعا علی"

السلام علیکم!

امید ہے آپ سب خیریت سے ہوں گے۔ 4 جنوری کا دن میرے لیے بہت اہم ہے کیونکہ یہ میری تاریخِ پیدائش بھی ہے۔ وقت بہت تیزی سے گزر رہا ہے آج "بابِ دعا" کا 67 واں شمارہ آپ کے ہاتھ میں ہے۔ میں نے بیتے ہوئے چند سالوں میں بہت کچھ سیکھا۔ یہ سب میرے سنیئرز کی توجہ اور شفقت ہے کہ میں آج اس مقام پر پہنچی ہوں۔ اور آج اپنے ادبی میگزین کا 67 واں شمارہ آپ کی خدمت میں پیش کر رہی ہوں اور ساتھ پانچویں سالگرہ کا جشن بھی منا رہی ہوں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ میں آپ کو آپ کے گمان کے مطابق ملوں گا ۔ آپ جس راستے کا انتخاب کرتے ہیں، انہی راستوں پر آپ کے قدم بڑھتے ہیں اور آپ انہی راستوں پر چلتے رہتے ہیں۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اگر انسان سفر کی اہمیت سے آگاہ ہو اور خلوصِ نیت کے ساتھ اپنے مشن کو آگے بڑھانے کی سعی کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ضرور اپنی منزل کو پا لیتا ہے۔ الحمد للہ! میری یہ خوش قسمتی ہے کہ سنیئر ادیبوں کی ایک ٹیم میرے ساتھ اس ادبی سفر میں شامل رہی جس کا آغاز میں نے پانچ سال قبل کیا تھا۔ میں اپنی ٹیم کے تمام ممبران کی تہہِ دل سے مشکور ہوں اور میرے لئے یہ بات بھی باعثِ مسرت و اطمینان ہے کہ میرے سنیئرز نے ادبی سفر میں شانہ بشانہ اپنے تجربات اور مشاہدات کی روشنی میں میری قدم قدم پر راہنمائی کی۔۔ میں نے اب میگزین کو سہ ماہی کر دیا ہے اور ایک نیا "کتابی سلسلہ "شروع کرنے لگی ہوں ”ایک کتاب ایک شاعر“ جو کہ ایک شاعر کی دس نظموں یا دس غزلوں پر مشتمل "پی ڈی ایف "کتاب ہو گی۔ امید ہے کہ میرے ساتھی ممبران اس ادبی سفر میں پہلے کی طرح میرے ساتھ تعاون کرتے رہیں گے۔

بہت دعائیں۔

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

باصلاحیت باہمت دعا علی

نوید سروش

دعا علی کا نام اور کام مقبول بھی ہے اور معروف بھی وہ اپنے آپ کو بطور شاعرہ، ناول نویس اور کالم و مضمون نگار منوا چکی ہیں۔ پھر انھوں نے بدلتی دنیا اور جدید تقاضوں کو دیکھتے ہوئے بابِ دعا آن لائن رسالے کا اجرا کا فیصلہ کیا۔ وہ پچھلے پانچ برسوں میں چھیاسٹھ پرچے مرتب کر چکی ہیں اہلِ قلم سے آن لائن رابطے نگارشات کا حصول انتخاب، کمپوزنگ، متن خوانی، سرورق اور پھر جاری کرنا یہ تمام مشکل کام وہ تنہا کرتی ہیں۔ ہزارہا تحسین بے شمار داد دعا علی اپنی گھریلو ذمے داریوں کو احسن طریقے سے نبھا رہی ہیں زندگی کی تلخیوں سے خوشیاں کشید کرنے کا ہنر بھی خوب جانتی ہیں۔ اپنی ذات کے اظہار اور احساسات کو زندہ رکھنے کے لیے انھوں نے حرف و قلم سے اپنے رشتے کو مضبوط سے مضبوط تر کر لیا ہے۔

وہ اپنی زندگی بہت ہمت اور احتیاط سے بسر کرتے ہوئے اپنے کام پر سنجیدگی سے توجہ دے رہی ہیں بقول میر تقی میر

ہر قدم کو اپنے رکھ احتیاط سے یاں
یہ کارگاہ ساری دکانِ شیشہ گر ہے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

جنوی کا مہینہ دعا علی اور بابِ دعا کی سالگرہ کا مہینہ ہے میں اس خوشی اور کامیابی کے یادگار موقعے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اور یہ دعا کرتا ہوں

تم جس رستے سے بھی گزرو

خوشبو خوشبو مہکے رستا

☆☆☆

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

سہ ماہی
باب دعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی اور بابِ دعا

سعد اللہ شاہ

تھی تند و تیز کس قدر اپنی یہ زندگی

کتنے ہی حادثات سرِشام ہو گئے

زندگی رواں دواں ہے اور اس میں وہی کامیاب ہے جو اس کے ہمرکاب ہے

سحر کے ساتھ ہی سورج کا ہمرکاب ہوا

جو اپنے آپ سے نکلا وہ کامیاب ہوا

اس حوالے سے دعا علی قابلِ ستائش ہے کہ وہ اپنے کام میں مست زندگی سے لطف کشید کر رہی ہے وہ بابِ دعا کا 67 واں شمارہ نکال رہی ہے اس نے اسے جنوری سے سہ ماہی کر دیا ہے تاکہ وہ اس کا معیار بڑھا سکے، اس نے کئی کتب انتخاب شائع کی ہیں، وہ روز ایک نئے آئیڈیا کے ساتھ آتی ہے اور کامیاب ٹھہرتی ہے۔

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

اور اب وہ ایک نئے سلسلے کا آغاز کرنے لگی ہے

"ایک کتاب ایک شاعر"

ہر شاعر کی دس غزلوں پر مشتمل ایک پی ڈی ایف کتاب بنانے لگی ہے اور دو غزلوں کے وائس اوور بنا کر یوٹیوب اور انسٹا پر اپ لوڈ کرنے لگی ہے

یہ بے لاگ ادب کی خدمت ہے۔

اظہار شاہین نے کہا تھا

اپنے ہونے کا پتہ دے
کوئی شیشہ کہیں گرا دے

☆☆☆

سہ ماہی باب دعا

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی

بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67

جنوری 2024

دعا علی ایک کرشماتی شخصیت

طارق تاسی

محترمہ دعا علی صاحبہ ادبی دنیا کی ایک جانی مانی شخصیت ہیں۔ میں ان کی ہمہ وقت ادبی سرگرمیاں دیکھ کر حیرت زدہ رہ جاتا ہوں کہ وہ خورد و نوش کے علاوہ زندگی کے دیگر معمولات کی سرانجام دہی کے لیے وقت کیسے نکالتی ہوں گی، آنلائن میگزین بابِ دعا کی ایڈیٹنگ وائس اوور، مختلف شعرا کے کلام پر مبنی بکس کی اشاعت، باب دعا پوئٹری گروپ، اپنی شاعری، گھرداری بھی۔۔۔ الامان والحفیظ۔۔ یہ گوشت پوست کی بنی ہوئی اللہ کی کوئی بندی ہے یا جاپانی کل پرزوں سے ترتیب پایا ہوا کوئی مشینی ربورٹ۔ ایک انسان وہ بھی صنفِ نازک۔۔ ایک وقت میں اتنے سارے کام کیسے سرانجام دے سکتا ہے۔

بلاشبہ دعا جی ادب کا ایک معتبر حوالہ بن چکی ہیں انہوں نے 2014 میں ادبی دنیا میں قدم رکھا اب تک ان کی چار کتابیں شائع ہو چکی ہیں اور پی ڈی ایف میں سات کتابیں منظرِ عام پر آچکی ہیں۔

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

مختلف شعراء کرام کے کلام کی 28 کتب اور 66 شمارے اپ لوڈ کرنے کا اعزاز حاصل کر چکی ہیں سب سے بڑھ کر یہ کہ دعا جی گرافک ڈیزائنر مصنفہ اور شاعرہ بھی ہیں

ہم محترمہ دعا علی اور بابِ دعا کی سالگرہ پر انہیں ڈھیروں مبارکباد اور دلی دعائیں پیش کرتے ہیں اللہ رب العزت ان کی عزتوں مقام و مرتبے اور زندگی کے ہر میدان میں دن دگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین ثم آمین

ان کے فن و شخصیت پر سیر حاصل گفتگو آئندہ کسی نشت میں ان شاءاللہ۔

☆☆☆

سہ ماہی
بابِ دُعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی کا سفر

انجم جاوید

کچھ ماہ گذرے فیس بک کے وسیلے سے دعا علی سے تعارف ہوا یہ ان کا ادبی سرگرمیوں کا صفحہ تھا جو اسی کے نام سے جاری و ساری ہے اس کے کچھ دنوں کے بعد پرانے اخباری تراشے اکٹھے کر رہا تھا۔ یہ وہ کتابوں پر تبصرے ہیں جو میں نے "روزنامہ ایکسپریس" کراچی کے لئے لکھے تھے۔ اسی میں دعا علی کا نام بھی سامنے آ گیا یادداشت نے پلٹا کھایا اور جانا کہ دعا علی سے میرا تعارف اس کی کتاب "روشنی بھی فریب دیتی ہے" سے ہو چکا ہے۔ پھر یار دلدار "نوید سروش" یاد آیا کہ دعا علی کا شعری مجموعہ پروفیسر نوید سروش نے بھیجا تھا اور بہت اچھے الفاظ میں اس شاعرہ کا تعارف بھی کرایا تھا۔

پھر تب جا کر دعا علی کو بھی بتایا اخباری تراشہ واٹس ایپ کیا فیس بک پر کئی بار کچھ حوالوں سے مشورے بھی اس نے کیے اپنی عادت کے مطابق کھرے مشورے دیئے ان کی مجلس مشاورت میں نوید سروش کے بعد شاہین زیدی سے تعارف اور ملاقاتیں شامل ہیں۔

ان کے میاں مسعود زیدی اب تک یاد ہیں ان کا پرچہ نوادران کی زندگی تک ملتا رہا یہ فیس بک چلانا سب کو خوش و راضی بھی رکھنا مشکل کام جو خوش اسلوبی سے دعا علی کر رہی ہے۔

مگر اس تپش کا اندازہ اسی کو ہو رہا ہے میں نے اسے وہ تجربہ شئیر کیا جو مجھے ادبی جریدوں کی ادارت کرتے ہوئے پیش آئے۔

علم وہنر سے لوح وقلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

آن لائن میگزین اینڈ بکس

دعا علی بہت عمدہ طرح مینیج کر رہی ہے اسے خوب تجربے ہو رہے ہیں اس کی ادب سے محبت وارفتگی قابل داد ہے یہ جنون ہے جو وہ کر رہی ہے۔ آخر میں اس کے شعری مجموعے پر جو تبصرہ کیا تھا اس میں سے کچھ منتخب لائینیں پیشِ خدمت ہیں۔

"روشنی بھی فریب دیتی ہے" دعا علی کا پہلا شعری مجموعہ ہے۔ جو ادارہء دستک میرپور خاص کے زیرِ اہتمام خصوصی اہتمام سے شائع کیا گیا" ہے۔ کتاب ٹائیٹل سے لے کر کمپوزنگ تک اور کمپوزنگ سے لے کر پرنٹنگ تک ہر مرحلے میں خوبصورت دیدہ زیب شائع کی گئی ہے"

"دعا علی کا ایک مضمون شامل کتاب ہے جو خاصے کی شے اور پڑھنے کے قابل ہے۔ جس میں شاعرہ نے اپنے شعری سفر اور زندگی کے سفر کا مکمل احاطہ کیا ہے۔ 40 نظموں 12 غزلوں اور دیگر مختلف شعری پیکروں سے تراشیدہ" روشنی بھی فریب دیتی ہے "بنیادی طور پر دعا علی کے جذبات اور دلی لگاؤ کا استعارہ ہے ان کی لگن ان کی شعری کاوشوں میں جھلکتی نظر آتی ہے دعا کی نظمیں بنیادی اور مرکزی طور پر "رومانوی جذبات کی عکاس ہیں" نظموں میں وہ اپنے مخصوص دائرے کے اندر نظر آتی ہیں

تاہم ان کی غزل میں نظموں کی بہ نسبت بدلا ہوا رنگ نظر آتا ہے اور ندرت تازگی ملتی ہے کچھ اشعار ملاحظہ ہوں

بیان لفظوں میں حالِ دل ہمارا ہو نہیں سکتا

ہمارا حال جیسا ہے تمہارا ہو نہیں سکتا

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

آن لائن میگزین اینڈ بکس

میری ہنسی کے خوش نوا گھنگرو کدھر گئے

سناٹے میری روح میں آکر بکھر گئے

☆☆☆

بے سمت و بے خیال تھی اور میں سفر میں تھی

وہ شام پر ملال تھی اور میں سفر میں تھی

اگر دیکھا جائے سوچا اور پرکھا جائے تو یہی سچائی ہے کہ دعا پیدائشی ادیبانہ مفکرانہ روح لے کر دنیا میں آئی جس کا مقصد ادب کو ترویج دینا ہے۔ وہ ایک ایسی راہ کی مسافر ہے کہ اکیلے سفر نہیں کرتی قافلہ بنا کر چلتی ہے راستہ بتاتی ہے۔" دعا اپنے آپ کو کم اور دوسرے شعرا کو زیادہ وقت دے کر ان کی شاعری کو پھیلا رہی ہے یہ کام کسی مجاہدے سے یوں کم نہیں کہ اسے کسی قسم کا کوئی لالچ نہیں فی سبیل اللہ ادب کی خدمت اور کتھارسس کا ایک سلسلہ ہے جو چل رہا ہے۔ دعا علی ایک خاتون ہو کر بہت ہمت سے آندھیوں میں چراغ جلائے گھوم رہی ہے پچھلے چند سالوں سے فیس بک پر موجود دعا علی کی شاعری اس کی لگن اور صلاحیت کا واضح ثبوت ہے۔

دعا علی کے لئے بہت سی دعائیں۔

☆☆☆

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی اور شاعری

اشفاق رانا

دعا علی جانتی ہیں کہ شاعری فی الحقیقت ایک ملکوتی اور جبروتی چیز ہے وہ علم کا مرکز بھی ہے اور محیط بھی۔ وہ سارے علوم انسانی پر بھاری بھی ہے اور سارا علمِ انسانی اس سے سندِ اعتبار حاصل کرتا ہے یہ ہی چیز دعا علی کو ہیجان میں مبتلا رکھتی ہے جس کے مثبت نتائج سب کے سامنے ہے کبھی نئے شعراء کو پرموٹ کرنا، کبھی اساتید کی عزت افزائی تو کبھی اپنے تخیل کو شاعرانہ رنگ دینا ایک تنہا لڑکی کے بس کی بات تو نہیں مگر وہ نہایت اطمینان سے یہ کرتی چلی جارہی ہیں۔ اس جنونی سفر کی منزل کیا ہو گی کوئی بھی نہیں جانتا شاید دعا علی بھی نہیں۔

ان کے کام کو نہ سراہنا بہت زیادتی ہو گی شاباش دعا علی

بہت دعائیں

☆☆☆

سہ ماہی باب دعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

میرے پاس دعائیں ہیں بس!

امین اوڈیرائی

ادب ایک سمندر ہے جس میں سب لکھاری اپنی اپنی شعری و نثری کشتی لیے اِدھر سے اُدھر جا رہے ہیں۔ ادبی اصناف میں آج کل شاعری بہت زیادہ ہو رہی ہے جب کہ نثر لکھنے کا رواج دن بہ دن کم ہوتا جا رہا ہے اس کے اسباب کیا ہیں یہ تو ادب کے مہا گرو ہی بتا سکتے ہیں لیکن چند برسوں میں شعراء کی تعداد جس طرح بڑھی ہے وہ حیران کن ہے۔ مجھے شعر و ادب کے ان 42 برسوں کی مسافت و ریاضت کے بعد بھی خود کو شاعر لکھتے ہوئے عجیب سا لگتا ہے۔

ادبی دنیا میں شاعری کرنا, افسانے یا ناول لکھنا اور کچھ عرصے بعد کتاب لانا ایک عام سی بات ہے کیونکہ ہر لکھاری اپنی ایک الگ پہچان اور مرتبہ چاہتا ہے اس لیے کتب کی اشاعت میں خوشی محسوس کرتا ہے لیکن میرے نزدیک ادبی دنیا میں سب سے مشکل کام دوسروں کو متعارف کرانا یعنی میگزین یا کوئی رسالہ نکالنا اور تسلسل کے ساتھ یہ کام کرنا ہے۔ خاص طور پر ماہانہ میگزین نکالنا ہر شاعر و ادیب کے بس کی بات نہیں ہے یہ کام وہی لوگ کر سکتے ہیں جن میں مستقل مزاجی ہمت حوصلے کے ساتھ ساتھ برداشت بھی کمال کی ہو

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

اور اپنے رب کے سوا کسی سے صلے کی بھی کوئی امید نہ ہو۔ سو میں ان تمام لوگوں کو سلام پیش کرتا ہوں جو کہ تسلسل کے ساتھ ادبی پرچے شائع کر رہے ہیں۔ سو اس مشکل سفر کے مسافروں میں دعا علی اور ان کے میگزین بابِ دعا کا نام بھی شامل ہے۔ بابِ دعا میگزین کو برقی دنیا یعنی فیس بک پر مسلسل شائع ہوتے ہوئے 5 سال ہو گئے۔ جس کا سارا کریڈٹ اس رسالے کی روحِ رواں دعا علی اور اس کی ٹیم کو جاتا ہے۔ دعا علی جو ایک اچھی شاعرہ ایک اچھی نثر نگار کے ساتھ ساتھ ادب نواز شخصیت بھی ہیں۔ وہ اچھی تخلیقات اور اچھے تخلیق کاروں کو بہت اہمیت دیتی ہیں۔ ان تخلیقات کو بڑی خوبصورتی کے ساتھ رسالے کی زینت بناتی ہیں۔ دعا علی کا ادبی سفر اپنی کتب اور بابِ دعا رسالے تک ہی محدود نہیں ہے بلکہ انہوں نے برقی دنیا یعنی سوشل میڈیا پر 35 کتب پی ڈی ایف کی صورت میں بھی شائع کی ہیں۔ جن میں 7 کتب دعا علی کی اپنی اور 28 کتب دوسرے شعرا کی ہیں۔ اس سال کی پہلی کتاب "غمِ زیست کی چادر" میری طرحی غزلوں کی کتاب ہے جو کہ اب 36 ویں کتاب ہو گی حقیقت کی نظروں سے دیکھا جائے تو دعا علی کا ادب میں بہت بڑا کام ہے اور وہ یہ سب کام کسی ستائش یا معاوضے کے بغیر کر رہی ہیں۔ جیسا کہ آج 4 جنوری 2024ع ہے جو کہ دعا علی کے ساتھ ساتھ بابِ دعا کی بھی سالگرہ کا دن ہے۔۔ سو میں دعا علی کو اپنی ڈھیروں دعاؤں, تمناؤں اور صحت و سلامتی کے ساتھ دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اپنے اس شعر کے ساتھ

زندگی کے حسین لمحوں میں
آج کا دن تمہیں مبارک ہو!

☆☆☆

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

سہ ماہی باب دعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس
علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے
شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی اور بابِ دعا

سردار محمد شمیم

شعر و ادب کو کسی بھی تہذیب کے خدوخال کا نقاش کہا جائے تو بے جا نہ ہو گا۔ شعرا و ادباء انتہائی لطیف انداز میں معاشرے اور معاشرت کی جزئیات کے جزادان میں مستور حالات کی تلخی و شرینی کو دنیا کے سامنے بیان کرنے کا فن رکھتے ہیں تا کہ بات اربابِ بست وکشاد کی طبعِ نازک پر گراں بھی نہ گزرے اور مدّعا بھی بیان کر دیا جائے۔ حقیقت یہ ہے کہ جن معاشروں نے بھی ادب پروری کی روش اختیار کی وہ خود آگہی کے گوہر سے نوازے گئے خود آگہی چونکہ اصلاحِ احوال میں سنگِ بنیاد کی حیثیت رکھتی ہے اسی لئے اس گوہرِ مقصود کے بل بوتے پر عظیم تہذیبی، ثقافتی، تمدنی اور معاشرتی اصول نکھرتے چلے گئے۔ دوسری جانب جو معاشرے اب، تنقید، حق نگاری اور راست بازی کی حوصلہ شکنی کے عمل پر کاربند رہتے ان کا سورج بہت جلد زرد ہو جاتا ہے۔

علیٰ ہٰذالقیاس مہذّب معاشرے ادب کی پذیرائی کا فریضہ بڑے اہتمام سے ادا کرتے ہیں تا کہ انسانی اقدار اپنی معراج کی جانب رواں دواں رہیں۔ تاہم جن تہذیبوں میں ریاستی سطح پر اعتنا برتی جاتی ہے وہاں کچھ بیدار اشخاص ادب پروری کا بیڑا اٹھا لیتے ہیں تا کہ تمدّنی تعمیر و توسیع کا سفر جاری رہے۔ ایسی ایک شخصیت محترمہ دعا علی ہیں

سہ ماہی
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

جنہوں نے بابِ دعا کے زیرِ اہتمام ادب کی ترویج و اشاعت کے لئے بلا معاوضہ سلسلہ شروع کر رکھا ہے جو نہایت قابلِ ستائش امر ہے۔ اس ضمن میں اب تک بابِ دعا کے 66 شمارے اور 28 کتابوں کی اشاعت ہو چکی ہیں جس میں مختلف شعراء کا کلام شامل ہے۔ آج بابِ دعا کی پانچویں سالگرہ ہے جو کہ مدیرہ کی تاریخِ پیدائش بھی ہے۔ اس موقع پر ہم انکی ادبی کاوشوں کے معترف ہونے کے ساتھ ساتھ دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

بابِ دعا دعا علی

اوصاف شیخ

شعر و سخن کے باغ کی اک منفرد مہک
بابِ دعا لیے ہوئے آئی دعا علی

آج سے چند سال پہلے، شاید 8/9 سال پہلے، سوشل میڈیا پر شاعروں اور خواتین شاعرات کی بڑھتی ہوئی تعداد میں ایک نام دعا علی بھی سامنے آیا۔ اُس وقت دعا علی کی پہلی کتاب "روشنی بھی فریب دیتی ہے" شائع ہوئی تھی میں نے انہیں کتاب کے لیے مبارکباد دی اور مختصر تعارف کے بعد معلوم ہوا کہ وہ سندھ کے مشہور شاعر نوید سروش کی شاگرد ہیں اور دعا علی کا تعلق بھی سندھ سے ہے۔ پہلے تو زیادہ توجہ نہیں دی۔ اور کچھ عرصے کے لیے رابطہ منقطع ہو گیا۔ اور پچھلے سال دوبارہ رابطہ ہوا تو معلوم ہوا کہ وہ بابِ دعا کے نام سے ایک رسالہ باقاعدگی سے شائع کر رہی ہیں۔ لیکن میں نے دیکھا کہ دعا علی بغیر کسی تعریف کے ادب کی خدمت میں مصروف ہیں، وہ اچھی اور خوبصورت شاعری بھی لکھتی ہیں اور ادب کے مختلف شعبوں میں خدمات انجام دے رہی ہیں۔ نظموں اور غزلوں کی خوبصورت ڈیزائننگ، اور اپنی کتابوں کے ساتھ ساتھ دیگر شاعروں کی کتابوں کی پی ڈی ایف ترتیب دینا، وائس اوور بنانا اور سب سے بڑھ کر میگزین "بابِ دعا" کی مسلسل آن لائن اشاعت، دعا علی کے شعر و سخن سے عشق کا ثبوت ہیں، میری دعا ہے کہ دعا علی کو اللہ ہمت و استقامت دے اُسے خوش اور شاداب رکھے آمین۔

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

آن لائن میگزین اینڈ بکس

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

"دعا علی ایک ادبی کارکن"

نصرت یاب نصرت

چار جنوری دعا علی کی سالگرہ کا دن بھی ہے اور ان کی ادبی خدمات کے آغاز کا دن بھی یہی ہے۔ اسے حُسنِ اتفاق کہئے یا ایک حسین امتزاج یہ بات یقیناً قابلِ ستائش ہے کہ جس دن دعا اس دنیا میں آئیں وہی دن اُن کے لئے یادگار دن بن گیا۔ انہوں نے یہ سفر اکیلے شروع کیا لیکن اب اس سفر میں اور بہت سی نامور ادبی شخصیات شامل ہو چکی ہیں۔ یہ سفر اب تنہا نہیں رہا ایک قافلہ بن چکا ہے۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر

لوگ ساتھ آتے گئے اور قافلہ بنتا گیا

جب ہم کوئی کام کرنے کا ارادہ کر لیتے ہیں اور اس میں نیک نیتی بھی شامل ہو تو وہ کام دن بدن نکھرتا جاتا ہے، سنورتا جاتا ہے، اس کام میں چار چاند لگتے چلے جاتے ہیں۔ دعا علی نے جس کام کا بیڑا اٹھایا ہے ہرچند وہ مشکل تو ہے لیکن ناممکن نہیں ہے۔ اس کو ممکن بنانے میں دعا علی کی انتھک محنت اور جان توڑ کاوشیں شامل ہیں۔ دعا خود کہتی ہیں

حصولِ علم کی ہر دم ہے تشنگی باقی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔دعا ابھی تو کئی راستوں پہ چلنا ہے

☆☆☆

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
باب دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

آن لائن میگزین اینڈ بکس

جس تندہی اور لگن سے دعا کام کر رہی ہیں مجھے یقین ہے یہ انشااللہ بہت آگے تک جائیں گی۔ ہماری دعا ہے اللہ انہیں دن دوگنی اور رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ مزے کی بات یہ ہے کہ دعا یہ ادب کی خدمت کسی بھی قسم کی غرض سے نہیں کر رہی بلکہ ذاتی ذوق و شوق کی بنا پر بے لوث کر رہی ہیں جو آج کے دور میں ہر لحاظ سے قابلِ ستائش و تحسین ہے۔ کہتی ہیں: مجھے بارش سے کہنے دو۔۔۔۔۔۔ جو اں جذبوں میں بہنے دو

شاعری سے شغف رکھنے والی یہ لڑکی خود بھی اچھی شاعری کرتی ہے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔ ہماری ڈھیروں دعائیں ہیں دعا علی کے لئے۔ اللہ تبارک تعالٰی اس لڑکی کو ہزاروں کامیابیوں اور کامرانیوں سے نوازے آمین۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

یہ اندازِ جنوں

عاطف کمال رانا

دعا علی میری پرانی فیس بک فرینڈ ہے.. میں نے ہمیشہ اسے جانفشانی اور جنون سے اپنا کام کرتے دیکھا ہے اور صرف اپنے ذوقِ ہنر کی انجام دہی کے لئے لوگوں کو اس کا شکر گزار ہونا چاہیئے کہ وہ اپنی کوشش سے سب کو پر موٹ بھی کرتی ہے اور ساتھ ساتھ لے کر بھی چلتی ہے میں اس کی شبانہ روز محنت لگن اور ادبی خدمات کے لئے جنونی انداز کو لائق ستائش سمجھتا ہوں بہت کم لوگوں کو خاص طور پر ایک لڑکی کو اس طرح کام کرتے دیکھا ہے.. دعا نے ابھی تک 66 شمارے اور 28 کتابیں شائع کی ہیں اور ساتھ میں ایک سال کے اندر اپنی شاعری کی سات (7) کتب پی ڈی ایف بھی شائع کرنا ایک کارنامہ ہے

چار جنوری اس کی سالگرہ کا دن بھی ہے اس موقع پر تہنیت کے ساتھ ساتھ بے شمار دعائیں اس کے لئے۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

محترمہ دُعا علی صاحبہ کی علم و ادب دوستی کا بے مثل نمونہ

سید عارف سعید بخاری

ماہنامہ "بابِ دُعا انٹر نیشنل" آن لائن ادبی میگزین کا اجراء محترمہ دُعا علی صاحبہ نے 5 سال قبل کیا تھا، فروغ علم و ادب کے لئے "بابِ دُعا انٹر نیشنل "کی صورت محترمہ دُعا علی کی شبانہ روز محنت اور کاوشیں ان کی ادب سے انس و محبت کا بے مثل نمونہ ہے، جدید ٹیکنالوجی کے اس دور میں "میگزین یا" اخبار" کے لئے دستیاب سہولیات کے باوجود یہ کام کرنا، میگزین نکالنا جوئے شیر لانے کے مترادف ہے، میگزین کے لئے مواد اکٹھا کرنا، اس کی ایڈیٹنگ، ڈائزیننگ کرنا انتہائی صبر آزما اور توجہ طلب کام ہے۔ لیکن بھلا ہو سوشل میڈیا کا، خاص طور سے "فیس بُک"، واٹس ایپ وغیرہ کا، کہ جنہوں نے علم و ادب کے پیاسوں کیلیئے رابطوں کو سہل بنایا اور ایک موثر پلیٹ فارم مہیاء کیا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی اور سافٹ ویئرز کی بدولت یہ کام اگرچہ کافی آسان ہو گیا ہے۔ پھر بھی مشکلات سے چھٹکارا ممکن نہیں۔ محترمہ دُعا علی صاحبہ مبارکباد کی مستحق ہیں کہ انہوں نے علم و ادب کی خدمت کے جذبے کے تحت ماہانہ میگزین شائع کرنے کا بیڑا اُٹھایا۔ اور ابتداء سے اب تک تسلسل کے ساتھ "بابِ دعا انٹر نیشنل" کے 66 شمارے شائع کر کے ایک مثال قائم کی ہے۔ "باب دُعا انٹر نیشنل "میگزین کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ "فیس بک، انسٹا" وغیرہ پر بھی سب کچھ موجود ہے۔

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

فی زمانہ سوشل میڈیا غیر ضروری سرگرمیوں کا مرکز بن کر رہ گیا ہے۔ خواتین و حضرات غیر ضروری اور نامناسب سرگرمیوں میں اپنا وقت ضائع کرنے میں لگے ہیں۔ ایسے میں محترمہ دُعا علی صاحبہ کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ انہوں نے جدید ٹیکنالوجی کو اپنی اور قلم کاروں کی علمی و ادبی پیاس بجھانے کا ذریعہ بنایا ہے۔ دُعا علی صاحبہ کی اس محنت اور لگن کا ہر بندہ معترف ہے۔ ان کی ادبی خدمات کی تعریف کیلئے میرے پاس الفاظ نہیں، وہ گرافک ڈیزائننگ کے ہنر سے اپنے میگزین کو خوبصورت اور جاذبِ نظر بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتیں۔ موجودہ دور میں جبکہ لوگ کتابوں، رسائل و اخبارات سے بھی دور ہوتے جا رہے ہیں۔ میگزین یا رسالے کے اجراء سے زیادہ اسے جاری رکھنا دشوار ہوتا جا رہا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ خواتین و حضرات اپنی نگارشات میگزین میں چھپوانا بھی چاہتے ہیں لیکن اخبار یا رسالے پر اٹھنے والے اخراجات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کسی قسم کا تعاون کرنے پر تیار نہیں ہوتے یا دانستہ سرپرستی سے گریزاں رہتے ہیں۔ جبکہ وسائل رکھنے والے خود اپنے اپنے میگزین اور رسالے نکال رہے ہیں۔ پاکستان میں بیسیوں ادبی میگزین نکالے جا رہے ہیں۔ لیکن غور طلب بات یہ ہے کہ ان ادبی رسائل کو کس قدر پذیرائی حاصل ہے۔ بابِ دُعا انٹرنیشنل" نے 5 سال کے مختصر عرصے میں ادبی حلقوں میں اپنا مقام پیدا کیا ہے اور یہ بات بھی باعثِ تحسین ہے کہ محترمہ دُعا علی" صاحبہ کو محترم نوید سروش صاحب، محترم سعد اللہ شاہ صاحب، ڈاکٹر شاہین زیدی صاحبہ، عزیز عادل صاحب، اشفاق رانا صاحب، طارق تاسی صاحب و دیگر سنیئر لکھاریوں کا تعاون حاصل ہے۔

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

اس سال انہوں نے اپنی ٹیم میں انجم جاوید صاحب، اوصاف شیخ صاحب، امین کنجاہی صاحب سمیت کچھ نئے لکھاریوں کو بھی شامل کیا ہے، جو خوش آئند اقدام ہے۔ محترمہ دُعا علی صاحبہ کو اپنا "میگزین" جاری رکھنے کیلئے قلمی و عملی تعاون کی ضرورت ہے۔ اس لئے قلم کاروں کو چاہیئے کہ وہ فروغِ ادب کیلئے ان کے ساتھ تعاون کو یقینی بنائیں۔ میں نے اپنی حیثیت میں محترمہ دُعا علی صاحبہ کی ہمیشہ حوصلہ افزائی کی ہے اور میرا وعدہ ہے کہ میں اس کام میں ان کے شانہ بشانہ رہوں گا۔ وہ خود ایک تعلیم یافتہ خاتون ہیں، ہر چیز کو سمجھتی ہیں۔ ان میں آگے بڑھنے کی جستجو اور لگن جنون کی حد تک پایا جاتا ہے۔ لوگوں کا عدم تعاون کبھی کبھی انہیں دل برداشتہ کر دیتا ہے لیکن ایک جنون ہے کہ جو انہیں چین نہیں لینے دیتا۔ لوگوں کے رویئے کے باوجود وہ عزم و حوصلے کے ساتھ اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔ بقول دُعا علی

دُعا ہم حوصلہ ہارے نہیں ہیں
ابھی کرنا نہیں ہم کو پڑاؤ۔۔۔!

ہماری تمام تر دعائیں محترمہ دُعا علی صاحبہ کے لئے ہیں۔ دُعا ہے کہ اللہ رب العزت انہیں دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے۔ ان کا میگزین ہمیشہ کی طرح علمی و ادبی حلقوں میں پذیرائی حاصل کرتا رہے۔ اور ان کو قلم کی حرمت کی پاسداری اور لکھاریوں کی ادبی پیاس بجھانے کی ہمت و توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

ہدیہ تہنیّت

باصر زیدی

4 جنوری بابِ دعا کی پانچویں سالگرہ کا دن ہے اور اس سے بڑھ کر محترمہ دعا علی کی سالگرہ کا دن بھی ہے۔ دعا علی اور بابِ دعا کو سالگرہ کا دن بہت بہت مبارک ہو۔ میں دل کی اتھاہ گہرائیوں سے تہنیّت پیش کرتا ہوں۔ بابِ دعا کے اب تک صرف 66 شمارے ہی شائع نہیں ہوئے بلکہ اٹھائیس کتب بھی شائع ہو چکی ہیں۔ شاعروں ادیبوں اور ادب کے دوسرے محاسن پہ لکھنے بولنے والوں کے مسائل کی نشاندہی جس خوبصورتی اور جوانمردی سے دعا علی نے کی ہے اس کی مثال شاید اور کہیں نہ ملے دعا علی ماشاء اللہ سے نہ صرف ادب کی ساری اصناف میں اپنا ایک مقام رکھتی ہیں بلکہ ایک کامیاب پبلشر بھی ہیں۔ اور وسائل سے محروم شعراء کرام کا کلام بے لَوث اور محبت سے پبلش کر کے ان وسیلوں کے متلاشی اہلِ قلم لوگوں کو عوام النّاس سے متعارف کرواتی ہیں اور ان سب کی دعائیں لیتی ہیں۔ اہلِ قلم قبیلے کی بے لوث مدد ہی در حقیقت ادب کی سچّی خدمت ہے۔ محترمہ دعا علی کی تالیفی کتب اس سچّی خدمتِ ادب کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔ آج کے اس خود غرض اور مشکل ترین دَور میں بھی اللہ کریم نے محترمہ دعا علی کو ایک خوبصورت ہمدرد دل اور اعلیٰ ترین ظرف سے نوازا ہے وہ بے غرض اور بے لوث ہو کر محرومِ تمنّا اہلِ قلم افراد کا وسیلہ بن کر ان کا کلام عام لوگوں تک پہنچا کر اللہ کریم کی خوشنودی سمیٹتی ہیں اللہ کریم محترمہ دعا علی کی توفیقات میں اضافہ فرمائے اور انہیں ہمیشہ اپنی امان میں رکھے۔ الہیٰ آمین

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی "اپنے عہد کی اک منفرد لڑکی"

اکرم عزم

سوشل میڈیا کے اس نقار خانے میں دعا علی نے اپنا اک الگ تھلگ آشیانہ بنالیا ہے جس میں وہ کبھی ہنستی ہیں تو کبھی خفا ہوتی ہیں۔ کبھی سورج کی تمازت اوڑھ لیتی ہیں تو کبھی چاند کی ٹھنڈی چاندنی میں سما جاتی ہیں۔ دعا نے جو مشغلہ اپنایا ہے اس میں ان کا واسطہ مختلف الانواع خیالات رکھنے والے افراد سے پڑتا ہے جنہیں ساتھ ساتھ لے کر چلنا مشکل ہوتا ہے مگر دعا علی اپنی یہ ذمہ داری جو انہوں نے خود ہی اپنے اوپر واجب کی ہے بہت اچھے طریقے سے سلجھے ہوئے انداز میں نبھا رہی ہیں۔ یہ اپنے احباب کے ساتھ کسی بات پر اگر ناراضگی کا اظہار کرتی ہیں تو پھر خود ہی مان بھی جاتی ہیں جس سے ان کی نرم دلی اور بردبار طبع کا اظہار ہوتا ہے۔ آج کے افراتفری اور آپا دھاپی کے زمانے میں دعا علی نے سوشل میڈیا پر ادب کی آبیاری کا جو بے لوث اور اخلاص سے بھرپور عمل شروع کیا ہے وہ قابلِ ستائش ہے۔ دعا ہے کہ اللہ پاک دعا کو مزید استقامت بخشے۔ دعا علی نے بہت مختصر عرصے میں 66 آن لائین شمارے ترتیب دیئے اور 28 شاعری کی کتابیں آن لائن شائع کی ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے اپنی بھی بہت شاندار نظمیں اور غزلیں کہی ہیں جو ان کی کہنہ مشق طبع کی آئینہ دار ہیں۔

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

ان کی شاعری کے اک الگ سے بانکپن اور مدبر شوخی کی چادر میں لپٹے ہوئے ہلکی سی افسردگی کے سائے نے انہیں اردو ادب کے اک الگ تھلگ مقام پر فائز کر دیا ہے جہاں وہ اپنے حلقہ ءاحباب کا ہاتھ بھی تھامے کھڑی ہیں۔ دعا علی کی اس کاوش میں ہمارا بھرپور تعاون بھی ان شاءاللہ ان کے ساتھ رہے گا۔

باب دعا نے کرب سے خوشیاں کشید کر

اک اور جام بھر لیا ہے ماہ و سال کا

☆☆☆

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

سہ ماہی
بابِ دُعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی اور بابِ دعا

ڈاکٹر انیس الرحمٰن

دعا علی جس ذوق و شوق سے آن لائن ادبی خدمت انجام دے رہی ہیں وہ ہر لحاظ سے سراہے جانے کے لائق ہے۔ ان کی یہی لگن انھیں تھکن کا احساس نہیں ہونے دیتی، وہ مسلسل اپنا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں اور اپنی فکری و تخلیقی صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہی ہیں۔ آن لائن سلسلے "بابِ دعا" کا پانچ برس کا ہو کر چھٹے سال میں داخل ہونا دعا علی کی استقامت کا اظہار ہے۔ دعا علی کے ہاں "بابِ دعا" کی پیشکش کا سلیقہ بھی موجود ہے اور کمپیوٹر کی تعلیم کا فائدہ اٹھاتے ہوئے جذبہء فروغِ ادب بھی۔ جس کے نتیجے میں دعا علی کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق اب تک "بابِ دعا" آن لائن کے 66 شمارے، مختلف شعرا کے کلام پر مشتمل 28 کتابیں اور پی ڈی ایف میں دعا علی کے سات شعری مجموعے قارئین تک پہنچ چکے ہیں۔ دعا علی "بابِ دعا" کی سالگرہ پر یاد رکھتی ہیں جو ان کی بھی سالگرہ کی تاریخ ہے، جس کے لیے ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ نیک تمناؤں اور دعاؤں کے ساتھ "بابِ دعا" اور دعا علی کو سالگرہ کی دلی مبارک باد!

☆☆☆

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

دعا علی میری نظر میں

ثقلین جعفری

دعا علی سے میرا تعلق کوئی پچھلے چار یا پانچ سال ہے اور آج تک مسلسل رابطے میں ہیں الحمدللہ وہ ایک اچھی منتظم، شاعرہ ادیبہ اور بہت کچھ ہیں آج کل کہ زمانے میں اتنا وقت نکالنا کوئی آسان کام نہیں مگر وہ اپنی گھریلو ذمہ داریوں کے ساتھ اپنے لکھنے کہ جنون کو بھی سلامت رکھے ہوئے ہیں پچھلے کچھ عرصہ سے مجھے لگتا ہے وہ تھوڑی جذباتی بھی ہیں کیونکہ جب لوگ اس طرح سے دلچسپی نہیں لیتے جیسے وہ چاہتی ہیں تو دکھی ہو جاتی ہیں مگر ان ساری باتوں کہ باوجود وہ اپنے کام کو لگن سے کرتی ہیں اسی لیے ان کی اب تک کافی کتابیں پی ڈی ایف اور چار کاغذی شکل میں بھی آچکی ہیں اچھی غزل اچھی نظم اور نثر تینوں اصناف میں اپنے جوہر دکھاتی رہتی ہیں وہ ایک باکمال لکھاری ہیں اتنی خوبیاں خود میں اکھٹی کیے ہوئے ہیں تو عام سے شاعر یا دانشور انہیں کہاں جچتے ہیں خیر مجھے یقین ہے کہ وہ ابھی بہت سارا لکھیں گی اور قارئین کو اپنے مزید جوہر دکھاتی رہیں گی یہ اللہ کا ان پر کرم ہے کہ لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرتی ہیں انہیں لوگوں سے روشناس کراتی ہیں

میری دعا ہے کہ وہ اپنے آنے والے دنوں میں اپنی علمی فکری اور گھریلو زندگی میں بہت ساری کامیابیاں اور کامرانیاں سمیٹیں گی خوش رہیں پیاری دعا علی بہت دعائیں اور سالگرہ کی ڈھیروں مبارکباد۔

☆☆☆

سہ ماہی باب دعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی محترک شخصیت

عابد معروف مغل

دعا علی محترک ادبی شخصیت اور خوبصورت لہجے کی شاعرہ ہیں۔ ادب احباب کے لیے ایک مسیحا سے کم نہیں ہے۔ دعا علی ایک نہایت خوبصورت لہجے کی شاعرہ اور نثر نگار بھی ہیں۔ اور شاعری میں بھی ایک منفرد مقام رکھتی ہیں ان کی شاعری دل کو چھو لیتی ہے۔ وہ نہ صرف ادبی احباب کو پرموٹ کر رہی ہیں بلکہ ان کے لیے انتھک محنت کر کے ان کے اشعار کو اپنے آن لائن ادبی شمارے کی زینت بنانے اور ان کو صوتی شکل دینے میں مگن رہتی ہیں۔ دعا کے ادبی جریدے بابِ دعا اور دعا علی کی سالگرہ پر انہیں میں اپنی دلی مبارک باد پیش کرتا ہوں میری دعا ہے کہ اللہ پاک انہیں اپنے نیک ارادوں میں کامیاب کرے۔ آمین ثم آمین

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

منفرد کارِ ادب کرنے والی

آفتاب خان

دعا علی شاعرہ کے طور پر تو ایک منفرد حیثیت رکھتی ہیں مگر ان کی ادبی خدمات پر نظر ڈالی جائے تو وہ اور بھی بلند مقام پر فائز نظر آتی ہیں۔ بابِ دعا کے عنوان سے انہوں نے شاعروں کے جو کام سر انجام دیے ہیں وہ تعریف و توصیف سے بالا تر ہے۔ یقیناً دعا علی ایک ادبی تاریخ مرتب کر رہی ہیں جس سے آئندہ نسلیں بھی استفادہ کریں گی۔

شاعروں کی غزلیں اور فرد اشعار ان سے منگوا کر تزئین و آرائش سے آراستہ کرنا اور پھر انہیں پوسٹ کر کے شاعروں تک پہنچانا بلاشبہ جان جوکھم کا کام ہے جس میں اپنا آرام تیاگ کر رَت جگوں سے گزرنا پڑتا ہے۔ موجودہ دور میں ایسے دیوانے بہت کم ہیں۔ اگر کوئی اور بھی یہ ادبی خدمت سر انجام دے رہا ہے تو اس کا نام ضرور دعا علی کے بعد ہی آئے گا کیوں کہ ایسے بے لوث افراد شاذ شاذ ہی ملتے ہیں۔ میری دعائیں دعا کے ساتھ ہیں۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

شگفتہ نعیم ہاشمی

شگفتہ نعیم ہاشمی

ادب شناسی اور ستائش کسی معاشرے کے حساس، متحرک اور نمو پذیر ہونے کی دلیل ہے۔ ادب پروری کے اوصاف رکھنے والے ایک زندہ معاشرے کے ماتھے کا جھومر ہوتے ہیں۔ محترمہ دعا علی اس ضمن میں ایک انتہائی قابلِ ذکر اور قابلِ قدر مثال ہیں۔ سوشل میڈیا پر ان کی خدمات ادبی ذوق رکھنے والے اور ادب سے تعلق رکھنے والوں سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ اور یہ خدمات اپنی مثال آپ ہیں کیونکہ انھوں نے چار دیواری کے اندر رہتے ہوئے وہ ادبی معرکے سر کیے ہیں جو بہت سے خواتین و حضرات باقاعدگی سے ادبی محافل میں شرکت کے باوجود نہیں کر پاتے۔ ابتک دعا علی کی چار کتب شائع ہو چکی ہیں اور تقریباً سات کے قریب پی ڈی ایف کتب صفحہء قرطاس پر اتار چکی ہیں یہ تمام تصانیف آن لائن موجود ہیں۔ اہلِ سخن کوئی بھی ہو دعا علی بغیر کسی طمع یا صلہ کے اس کی مدد کو تیار رہتی ہیں کتنے ہی غیر معروف لوگوں کو دعا علی نے اپنے میگزین 'بابِ دعا' کا پلیٹ فارم مہیا کیا اور ریختہ پر بھی ان کو متعارف کروایا

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

وہ الگ بات کہ اکثر لوگ اپنا مطلب نکلنے کے بعد مڑ کر بھی نہیں دیکھتے مگر اس کے باوجود دعا علی نئے لکھنے والوں کے لیے راہیں ہموار کرتی رہتی ہیں۔ جنوری کا شمارہ خاص اہمیت کا حامل ہے کیونکہ 4 جنوری دعا علی کی بھی سالگرہ کا دن ہے اور میگزین 'بابِ دعا' کی بھی پانچویں سالگرہ ہے۔ میں اس یادگار موقع پر محترمہ دعا علی صاحبہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتی ہوں اور ان کی مزید قلمی رفعتوں کے لیے دعا گو ہوں۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

بابِ دعا ایک خوبصورت عہد

فرزانہ ساجد

4 جنوری ایک خوبصورت دن بابِ دعا میگزین کے جنم کا دن بابِ دعا کی خالق دعا علی کے جنم کا دن سالگرہ کا دن بہت بہت مبارک ہو دعا علی۔
اللہ پاک آپ صحت اور تندرستی والی لمبی زندگی عطا فرمائے آمین ثم آمین۔
اب آتے ہیں بابِ دعا میگزین کی طرف۔ 4 جنوری کو یہ خوبصورت میگزین پورے 5 سال کا ہو جائے گا۔ کیا ہی تعریف کی جائے اس کی ایک بہترین اور معیاری میگزین جس کی کامیابی میں دعا علی اور ان کی انتظامیہ کی محنت صاف نظر آتی ہے۔ ہر ماہ ہزاروں غزلوں اور نظموں میں سے معیاری اور اچھی چیزوں کا انتخاب کرنا ہی اپنے میں بہت بڑا کام ہے پھر ان کو ترتیب دینا۔ ہر ماہ باقاعدگی سے اسے شائع کرنا۔ دعا علی آپ کی محنت کو سلام ہے۔ مجھے بہت خوشی ہے کہ میں اکثر اس میگزین کا حصہ رہی ہوں۔ یہ مجھ جیسے بہت سے لوگوں کے لیے ایک نعمت سے کم نہیں جو باہر نہیں جاسکتے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے دعا جی یہ کام صرف ادب کی ترویج و ترقی کے لیے کر رہی ہیں نہ کوئی لالچ اور صلے کی پرواہ۔
اللہ پاک آپ کو بہت ہمت اور حوصلہ دے اور زندگی کے ہر مشن میں کامیاب کرے آمین ثم آمین۔
اللہ اس میگزین کو دن دگنی اور رات چوگنی ترقی دے آمین۔

☆☆☆

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

مقبولِ دعا

شاہد جان

جس نے اپنی محنت اور لگن سے بہت جلد علم و ادب کی دنیا میں اپنا ایک منفرد نام اور مقام پیدا کر لیا ہے
عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جو لوگ باصلاحیت ہوتے ہیں وہ محنتی اور متحرک نہیں ہوتے اسی طرح جو لوگ حساس ہوتے ہیں وہ دنیا اور اس کی مشکلات کا سامنا کرنے سے کتراتے ہیں لیکن دعا علی باصلاحیت بھی ہے اور محنتی بھی حساس بھی ہے اور بہادر بھی خواب و خیال کی دنیا میں رہنے کے باوجود متحرک اور جفاکش بھی ہے دعا علی ایک متنوع شخصیت کی مالک ہے وہ شاعرہ ہے نثر نگار ہے مصنف ہے ادیب ہے نقاد ہے وہ کسی بھی کلام کی عمدگی سے تزئین کرتی ہے اور بہت خوبصورتی سے اپنی آواز میں پیش کرتی ہے کہ کلام کو چار چاند لگا دیتی ہے اتنی مخلص اور بے لوث ہے کہ بغیر کسی لالچ اور مفاد کے لوگوں کے کلام پر محنت کرتی ہے کلام کی تزئین کرتی ہے وائس اوور بناتی ہے میگزین میں شائع کرتی ہے چینل پر نشر کرتی ہے اور اب شعراء کے کلام کو مجموعے کی شکل میں پیش کرنے کا بیڑا اٹھایا ہے اللہ تعالیٰ دعا علی کو ہر میدان میں کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ آمین۔

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علمی و ادبی میدان کے ساتھ ساتھ دعا علی نے عملی میدان میں بھی کامیابی کے جھنڈے گاڑے ہیں ایک نازک سی حساس سی لڑکی کاشتکاری بھی کرتی ہے کہاں شعر کی زمین اور کہاں کھیت کی زمین لیکن جن کو اللہ تعالیٰ صلاحیت عطا فرمائے وہ ہر زمین میں پھول کھلا سکتے ہیں چار جنوری دعا علی کا یومِ ولادت ہے میں دل کی گہرائیوں سے سالگرہ کی مبارکباد پیش کرتا ہوں چار جنوری بابِ دعا کا یومِ تاسیس بھی ہے اس کی ترقی کے لیے بھی دعا گو ہوں

اللہ تعالیٰ دعا علی کو شاد و شاداب رکھے اور بابِ دعا کے ذریعے دعا کی مقبولیت کا سلسلہ جاری رہے آمین۔

☆☆☆

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

بابِ دعا

فوزیہ نوشین

بابِ دعا ادب کی تخلیق کا ایک ایسا مرکز ہے جس نے کئی نئے شعراء کرام کی شاعری کو دنیا کے سامنے لا کر ان کی حوصلہ افزائی کی تا کہ وہ اپنی پہچان بنا کر اپنا نام بنا سکیں، اور یہ حقیقت ہے کہ وہ ادب کی تخلیق میں پیش پیش رہا ہے اس کے ذریعے کئی آن لائن ادبی کتب شائع ہو چکی ہیں، دعا علی صاحبہ اس کی روح رواں ہونے کے ساتھ ساتھ بہت اچھی شاعرہ ہیں جو نئے شعراء کرام کی حوصلہ افزائی مختلف طریقوں کبھی ان کی نظمیں اپنے رسالے میں شائع کر کے تو کبھی ان کی شاعری کی ایڈٹ بنا کر کرتی رہتی ہیں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ دعا علی اور ان کے میگزین کو دن دگنی رات چوگنی ترقی عطا فرمائے آمین۔

☆☆☆

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

بابِ دعا

عامر معان

دعا ایک سہ حرفی لفظ ہے بہت سادہ سا، لیکن اتنا ہی پُر معنی کہنے میں شائد ایک سیکنڈ لگتا ہے لیکن اس لفظ کی تفسیر میں کتابوں کے دفتر لکھ دیئے جائیں تب بھی محسوس ہو گا کہ ابھی کچھ کمی رہ گئی ہے۔ اور یہی دعا جب کسی کا نام ہو تو وہ شخصیت کے لئے بھی شائد یہی تقاضہ ہوتا ہے کہ وہ شخصیت دیکھنے میں چاہے عام سی ہو لیکن جب آپ اس سے ملیں تو آپ پر اس شخصیت کے اتنے اوصاف کھل جائیں کہ آپ کہیں کہ آپ تو اِسمُ بامُسَمّیٰ ہیں۔

یہی اِسمُ بامُسَمّیٰ شخصیت دعا علی کی بھی ہے۔ شخصیت کے اتنے پہلو ہیں کہ ہر پہلو پر لکھنے کے لئے الگ الگ کتاب مرتب کرنے کی ضرورت محسوس ہوتی ہے۔ نثر لکھتی ہیں تو نثر کی ہر صنف میں عمدگی و مہارت کی جھلک نمایاں ہوتی ہے، اور جب دعا کی شاعری سامنے آتی ہے تو اس کی بھی ہر صنف پکارتی ہے کہ ہمیں خوبصورت الفاظ سے مزین کرنے میں دعا علی کا بھرپور ہاتھ ہے۔ اب تک 28 کتب آن لائن شائع کر چکی ہیں اور یقین کرنا مشکل ہوتا ہے کہ اتنا کام کرنے کے لئے ہمہ وقت کیا یہ قلم سے ہی رشتہ جوڑے رکھتی ہیں۔ اور سچ یہی ہے کہ دعا علی قلم کا رشتہ بڑی ایمانداری سے نبھا رہی ہیں۔

duaali.poet@gmail.com
www.duaalipoetry.com

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

کہتے ہیں اوائل جنوری میں پیدا ہونے والے برج جدی کے ماتحت ہوتے ہیں جو بہت محنتی اور منزل پانے کی جستجو میں جد وجہد پر یقین رکھنے والے ہوتے ہیں، اور یہی خوبی دعا علی کی شخصیت کا خاصہ ہے۔ لیکن دعا علی صرف اپنے لئے نہیں سوچتی اس کی منزل اردو ادب کی ترقی اور ترویج ہے، جس کے لئے انہوں نے دیگر شعراء کے کلام کو بھی ادبی لوگوں تک پہنچانے کا بیڑا اٹھایا ہوا ہے۔ جس کے لئے بابِ دعا میگزین کامیابی کیساتھ ادب اور ادیب کی ترقی میں بھرپور حصہ ڈال رہا ہے۔ اب تک شائع 66 شمارے اس بات کا ثبوت ہیں کہ ان پر کتنی محنت اور لگن سے کام کیا گیا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ جب آپ اپنے کام سے عشق کرنے لگیں تو وہ کام نہیں شاہکار بن جاتا ہے یہی بات دعا علی کے کام میں نظر آتی ہے کہ وہ اس کو کام نہیں ایک جنون ایک عشق سمجھ کر کرتی ہیں۔

4 جنوری دعا علی کا جنم دن ہے اور 4 جنوری ہی بابِ دعا میگزین کا بھی جنم دن ہے اور یہ دونوں اب ایک دوسرے کے لئے لازم وملزوم ہو چکے ہیں دعا علی ہی بابِ دعا میگزین کی روح ہے اور بابِ دعا میگزین ہی دعا علی کی پہچان ہے۔ ہم اس موقع کی مناسبت سے دعا گو ہیں کہ دعا کی ترقی دن دو گنی رات چوگنی ہو کیونکہ یہ اردو ادب کی ترقی ہے۔ سدا پھولے پھلے آمین۔

☆☆☆

سالگرہ نمبر 5

آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا اور بابِ دعا

ثاقب سیال

کہتے ہیں بابِ دعا بھی قسمت والوں پر کھلتا ہے شرف قبولیت سے پہلے دعا بہت ضروری ہے اور اس چیز میں ذاتِ باری تعالی کے "کن فیکون" کے بغیر کچھ بھی ممکن نہیں. یہ خدائے لم یزل کے "کن" ہی کا کمال ہے کہ میرے لیے بابِ دعا کھلا.. میں نے جب بابِ دعا کی دہلیز پر دستک دی تو مجھے شاید ایسے لگا جیسے پہلے سے ہی ہم اناڑیوں ناقص العقل اور کم علموں کے لیے کوئی منتظر ہے. جو علم و ادب کا دیپ جلائے تاریکی میں بھٹکے ہوئے بھولے بسرے لوگوں کو بابِ دعا میگزین کے پلیٹ فارم سے منور کرنا چاہتا ہے. مجھے بابِ دعا کے بارے میں معروف شاعر اوصاف شیخ صاحب کی زبانی پتہ چلا. بابِ دعا پر جب دستک دی تو ذرا بھی اجنبیت کا احساس نہ ہوا. جانے کیوں ایسے لگا جیسے یہ پلیٹ فارم تو ہمیں صدیوں سے میسر ہے بس یہ ہماری بدنصیبی تھی کہ شاید ہم نے آنے میں دیر کر دی اور اس سے استفادہ نہ کر سکے. بابِ دعا کی روحِ رواں معروف شاعرہ دعا علی صاحبہ ہیں. ان کا مستقل مزاج ہونا اپنے کام میں مگن رہنا لگن اور جذبے سے اپنا کام کرنا ہی شاید انہیں دوسروں سے ممتاز کرتا ہے شاید ان کی انفرادیت کی وجہ سے ہی ہے بابِ دعا کی دہلیز پر آئے روز ایک نیا لکھاری دستک دیتا ہے. اور یہ حقیقت ہے کہ بابِ دعا پر دستک دینے والا دستِ شفقت دعا سے محروم نہیں رہتا. چار جنوری کو دعا علی صاحبہ کی نا صرف سالگرہ ہے بلکہ بابِ دعا میگزین کو بھی پانچ سال ہو جائیں گے۔

آن لائن میگزین اینڈ بکس

دعا ہے کہ اللہ تعالی میگزین کو دن دگنی رات چگنی ترقی دے. اور دعا تو خود دعا ہیں ان کے لیے الفاظ کہاں سے تراشوں ؟.. دعا کی طلبگار تو پوری دنیا ہوتی ہے.. خیر میری ذاتی باری تعالی سے یہ التجا ہے کہ دعا علی صاحبہ کو ایسی ہزاروں سالگراہیں نصیب فرماء ان کے قلم میں مزید طاقت پرواز عطا فرماء میرے اللہ! ان کے تخیل کو مزید بلندیاں عطا فرما آمین۔

☆☆☆

سہ ماہی
بابِ دُعا
آن لائن میگزین اینڈ بکس

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

دعا علی ایک خوشنما ادبی شخصیت

شوکت ثاقب پوشپوری

یہ تقریباً ایک سال پہلے کی بات ہے۔ کہ سوشل میڈیا کے فیس بک پیج پر میری سرسری نظر ایک فیس بک اکاونٹ پر پڑی۔ جس میں شعرو شاعری اور دوسری ادبی سرگرمیاں دیکھنے کو مل رہی تھیں۔ چونکہ مجھے بذاتِ خود شعرو شاعری سے بے حد انس ہے۔ لہذا میں نے اس اکاونٹ کو فرینڈ ریکوسٹ بھیجی جس کا نام "دعا علی" تھا۔۔

رفتہ رفتہ محترمہ دعا علی صاحبہ کی لگن سے متاثر ہونے لگا۔ وہ اردو ادب کے بے جا خدمت میں مشغول رہتی ہے۔۔ وہ کئی کتابوں کی مصنفہ بھی ہے محترمہ دعا علی صاحبہ کا کلام نہایت آسان اور دلکش ہوتا ہے۔ اس کی شاعری ہر پڑھنے والے کو متاثر کرتی ہے۔ میں محترمہ دعا علی صاحبہ کے گروپ میں بھی شامل ہوں۔ جس سے مجھے بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ نت نئے کلام دیکھنے کو ملتے ہیں۔ میرے بھی بہت سارے کلام ان کے آن لائن رسالے میں شائع ہوئے۔ اس کے لیے میں ان کا بے حد مشکور ہوں۔

شمارہ نمبر 67

جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی

بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

محترمہ دعا علی صاحبہ کو اگرچہ وقت کے ساتھ بہت سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا لیکن وہ مرد قلندر کی طرح ڈٹ کر مقابلہ کرتی ہے۔ اور اللہ پر توکل کرتی رہتی ہے۔ وہ عاشقِ رسول ﷺ کی الگ نمونہ ہے۔۔ آن رسالے کے لیے اس نے ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ جو ہر شاعر کے کلام پر نظر ثانی کر کے کلام کو رسالے میں شامل کرتا ہے۔۔ دعا علی ایک خود دار اور خود شناس شخصیت کا نام ہے۔ اس کے دل میں ہمدردی، خلوص اور عمدہ کردار کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔۔ انسانیت کا درس دیتی ہے۔ وہ آجکل کی نسوانی نسل کے لیے ایک زندہ مثال شخصیت ہے۔۔ اللہ پاک دعا علی صاحبہ کو ایمان کی دولت سے مالا مال کرے۔ آمین۔

☆☆☆

duaali.poet@gmail.com

www.duaalipoetry.com

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

سالگرہ نمبر 5

مدیرہ: دعا علی

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

مدیرہ: دعا علی

سالگرہ نمبر 5

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

سالگرہ نمبر 5

مدیرہ: دعا علی

شمارہ نمبر 67
جنوری 2024

علم و ہنر سے لوح و قلم سے ہو روشنی
بابِ دعا کھلا ہے ہمارے ہی واسطے

آن لائن میگزین اینڈ بکس

غزل (دعا علی)

کیلنڈر جب پلٹتا ہے دسمبر جب بدلتا ہے
دعا تب چار سو میرے نیا منظر اُبھرتا ہے

گھٹا جب چھٹنے لگتی ہے تو اس کی اوٹ سے اکدم
فلک پر سرد موسم میں حسیں سورج نکلتا ہے

محبت نے کہا مجھ سے محبت کے لیے پھر سے
تعلق تازہ کرنے کو میرا یہ دل مچلتا ہے

مرے دل کو تمہی نے برف کا ٹکڑا کہا تھا نا
وہی ٹکڑا محبت کی حرارت سے پگھلتا ہے

یہ درد و رنج آنکھوں کا بہا دو اپنے اشکوں میں
تمہارے پیار سے دلبر مرا یہ دل بہلتا ہے

☆☆☆